# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

## Date : 18 August 2026

## Time : 09:25 AM

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ گفت وشنید صرف الفاظ کا تبادلہ نہیں بلکہ دلوں کے درمیان ایک پُل اور امن وخوشحالی کیلئے اعتماد کو پروان چڑھاتی ہے۔ ''**Save Youth, Save Future**'' فاؤنڈیشن کی طرف سے پلوامہ میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ **6** ہزار سال قبل ہمارے ملک نے ایک ساتھ چلنے، ایک ساتھ تحفظ کرنے اور ایک دوسرے کیلئے دلوں میں جگہ بنانے کا ایک خوبصورت پیغام دیا تھا۔ انہوں نے اسکولوں، کالجوں اور کمیونٹی مراکز میں بین المذاہب مذاکرات منعقد کرانے کی ضرورت پر زور دیا۔

--------**LG Byte**--------

وزیر اعلیٰ ملاقات

بڑی براہمنا انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے ایسوسی ایشن کے صدر ترن سنگلا کی سربراہی میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔ وفد کے ارکان نے جموں وکشمیر میں صنعتی ترقی سے متعلق کئی معاملات پر وزیر اعلیٰ کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا۔ اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔

سکینہ ایتو

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل سرینگر میں جموں وکشمیر شیڈولڈ کاسٹ، شیڈولڈ ٹرائب اینڈ بیک وارڈ کلاسز ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کی 46ویں میٹنگ میں کارپوریشن کی کارگذاری کے علاوہ انتظامی اور مالی معاملات کا جائزہ لیا۔انہوں نے ادارہ جاتی لائحہ عمل کو مزید مستحکم کرنے اور کارپوریشن کی اسکیموں کی موثر عمل آوری کی ہدایت دی۔

ایس آئی اے

سٹیٹ انوسٹیگیشن ایجنسی کشمیر نے سال **2022** میں درج کئے گئے ایک نارکو ٹیررزم کے معاملے میں بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے رہاڑی کالونی جموں کے رہنے والے مفرور ملزم منوج کمار بھٹ عرف پنٹو ولد پی کے بھٹ کی گرفتاری عمل میں لائی ہے۔اس گرفتاری کو پاکستان اور پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں موجود دہشت پسند تنظیم حزب المجاہدین کی مبینہ پشت پناہی سے چلنے والی نارکو ٹیررسازش کی تحقیقات میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔گرفتار کئے گئے ملزم منوج کمار بھٹ پر الزام ہے کہ اُس نے جموں صوبے میں منشیات کی فروخت اور تقسیم کاری کے نیٹ ورک کو پھیلانے میں کلیدی رول ادا کیا ہے۔ ایس آئی اے نے اس معاملے کے تعلق سے مجاز عدالت میں کئی دیگر ملزمان کے خلاف بھی چارج شیٹ داخل کئے ہیں۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں منعقد ہونے والے انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں وکشمیر کے کامیاب انعقاد کیلئے تیاریاں مکمل کرنے اور متعلقہ محکموں کے مابین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا ہے۔کمشنر موصوف نے ایک میٹنگ کے دوران اس فلم فیسٹیول کیلئے اب تک کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ناظم اطلاعات شریا سنگھل نے انہیں اس بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔واضح رہے کہ انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں اینڈ کشمیر سرینگر میں 7 سے 10 ستمبر تک منعقد ہو رہا ہے۔

## قومی گیت

قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے سلسلے میں کولگام میں کل ایک تقریب منعقد ہوئی ، جس کی صدارت ضلع کے ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم نے کی ۔تقریب کے دوران قومی گیت کے سلسلے میں حب الوطنی کے موضوعات پر ہوئے مختلف مقابلوں میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے نوجوانوں کو اعزازات سے نوازا گیا ۔

## بانڈی پورہ لوک عدالت

بانڈی پورہ میں ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی کے اہتمام سے اگلے ماہ کی 12 تاریخ کو تیسری قومی لوک عدالت منعقد ہوگی ۔ اس کا اہتمام ڈسٹرکٹ کورٹ کمپلیکس بانڈی پورہ ، منصف کورٹ کمپلیکس گریز اور سمبل میں صبح ساڑھے دس بجے ہوگا ۔افہام وتفہیم کے ذریعے اپنے معاملات حل کرانے کے خواہشمند افراد اور وکلاء سے کہا گیا ہے کہ وہ 31 / اگست تک DLSA بانڈی پورہ ، تحصیل لیگل سروسز کمیٹی بانڈی پورہ ، سمبل یا گریز سے رابطہ کرسکتے ہیں ۔

## ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع میں ایگری سٹیک کے تحت کسانوں کی رجسٹریشن عمل کا جائزہ لیا ۔انہوں نے اس سلسلے میں ڈیٹا کو اَپ ڈیٹ کرنے کے عمل میں سرعت لانے کی ہدایت دی ۔ واضح رہے کہ ایگری سٹیک کے ذریعے تصدیق شدہ زرعی ڈیٹا اور کسانوں کے ڈیٹا کو مربوط کرکے زرعی سرگرمیوں کیلئے ایک ڈیجیٹل بنیاد فراہم کیا جارہا ہے ۔ دریں اثناء ڈپٹی کمشنر موصوف نے ایک علیحدہ میٹنگ میں سالانہ ہرمکھ گنگ بل یاترا کیلئے کئے جارہے تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

ہوم کمپوسٹنگ

بانڈی پورہ میں ضلع انتظامیہ اور میونسپل کونسل کے مشترکہ اہتمام سے کمپوسٹنگ نمائش کا انعقاد ہوا، جس کا مقصد ہوم کمپوسٹنگ کو فروغ دینا اور کوڑا کرکٹ کو سائنسی بنیادوں پر الگ الگ کرنے کے عمل کے بارے میں جانکاری عام کرنا تھا۔ اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ضلع کی ڈپٹی کمشنر اندو کنول چب نے کہا کہ انتظامیہ ضلع کے مختلف علاقوں سے برآمد ہونے والے کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے پر ٹھکانے لگانے اور صفائی ستھرائی کے بارے میں جانکاری عام کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ